SCHOOL BASED ASSESSMENT 2021

GRADE 5

ISLAMIAT Part-B (NAZRA QURAN)

Model Paper

Nazra Quran:20 Marks   ناظرہ قرآن : 20 نمبر

NAZRA QURAN AND RUBRICS

1۔ حفظ:(آیة الکرسی، سورة الفلق، سورة الناس)   (10 نمبر)

ہدایات برائے ممتحن: ہر بچے سے درج بالا نصاب میں سے کسی ایک کو زبانی سنا جائے۔

:Rubrics

ا۔تجوید کے اصولوں (رموز اوقاف،حروف کے مخارج، مد، غنّہ، اور قلقلہ) کو مدنظر رکھتے ہوئے حروف کو روانی اور درست ادائیگی کے ساتھ بلند آواز میں درج بالا نصاب میں سے کوئی ایک سورت زبانی سنانے پر 10 نمبر دیے جائیں۔

۲۔ہچکچاہٹ کے ساتھ رک رک کر لیکن درست زبانی سنانے پر 9 نمبر دیے جائیں۔

۳۔صرف تلفظ کی غلطیوں کے ساتھ زبانی سنانے کی صورت میں 5 تا 8 نمبر دیے جائیں۔

۴۔تلفظ کی غلطیوں کے ساتھ ساتھ لفظی غلطیوں یا حروف حذف کرنے کی صورت میں 1 تا 4 نمبر دیے جائیں۔

۵۔بالکل غلط یا نہ سنانے پر صفر نمبر دیا جائے۔

2۔ حفظ و ترجمہ: (5+5 نمبر)

سورة الفاتحہ ؛ التحیات ؛ درود ابراھیمی ؛ سورة البقرہ، آیت:201 ؛

سورة ابراھیم ، آیت: 40 تا 41

ہدایات برائے ممتحن: ہر بچے سے درج بالا نصاب میں سے کسی ایک کو ترجمہ کے ساتھ زبانی سنا جائے۔

:Rubrics (برائے حفظ)   (5 نمبر)

ا۔درج بالا نصاب میں سے کسی ایک کو تجوید کے اصولوں (رموز اوقاف، حروف کے مخارج، مد، غنّہ، اور قلقلہ) کو مدنظر رکھتے ہوئے حروف کو روانی اور درست انداز میں ادائیگی کے ساتھ بلند آواز میں زبانی سنانے پر 5 نمبر دیے جائیں۔

۲۔ہچکچاہٹ کے ساتھ رک رک کر لیکن درست زبانی سنانے پر 4 نمبر دیے جائیں۔

۳۔صرف تلفظ کی غلطیوں کے ساتھ سنانے کی صورت میں 3 تا 2 نمبر دیے جائیں۔

۴۔تلفظ کی غلطیوں کے ساتھ ساتھ لفظی غلطیوں یا حروف حذف کرنے کی صورت میں 1 نمبر دیا جائے۔

۵۔بالکل غلط یا نہ سنانے پر صفر نمبر دیا جائے۔

Rubrics: (برائے ترجمہ) (5 نمبر)

ا۔اگر طالب علم لفظ بہ لفظ یا با محاورہ درست ترجمہ زبانی سناتا ہے تو اسے 5 نمبر دیے جائیں۔

۲۔ہچکچاہٹ کے ساتھ رک رک کر لیکن درست ترجمہ زبانی سنانے پر 4 نمبر دیے جائیں۔

۳۔معمولی غلطیوں اور نامکمل، لیکن آدھے سے زیادہ درست ترجمہ سنانے کی صورت میں 2 تا 3 نمبر دیے جائیں۔

۴۔لفظی غلطیوں اور آدھے سے کم درست ترجمہ سنانے پر 1 نمبر دیا جائے۔

۵۔بالکل غلط یا نہ سنانے پر صفر نمبر دیا جائے۔